**Nafees. Sadiq**

27-11-2024

13.50 Hrs

HL-Opening

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ آسیہ میمونہ

------------------------------

Music

1 ایک مخصوص کاروباری گروپ کے خلاف مبینہ رشوت کے معاملے سمیت دیگر معاملات پر اپوزیشن کی ہنگامہ آرائی کے سبب لوک سبھا اور راجیہ سبھا کی کارروائی دِن بھر کے لیے ملتوی کردی گئی ہے۔

2 صدرجمہوریہ دروپدی مرمو تمل ناڈو کے اپنے دورے کے پہلے مرحلے کے تحت کوئمبٹور پہنچ گئی ہیں۔

3 حکومت نے نئی دلّی میں قومی مہم بال ویواہ مُکت بھارت کا آغاز کیا ہے۔

4 جنوب مغربی خلیج بنگال میں بنا ہوا کم گہرے دباؤ کا آج شام تک سمندری طوفان Fengal میں تبدیل ہوجانے کا امکان ہے۔بھارتی محکمۂ موسمیات نے تمل ناڈو، پڈوچیری اور آندھرا پردیش کے علاقوں میں بارش کے لیے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

5 لبنان میں اسرائیل اور حزب اللہ کے درمیان جنگ بندی نافذ ہوگئی ہے۔

6 اور پاکستان میں عمران خان کی اہم اپوزیشن پارٹی پاکستان تحریک انصاف نے حکومت کے ذریعہ اپنے ہزاروں حامیوں کی گرفتاری کے بعد احتجاج ختم کردیا ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

RS Adjourned

ایک مخصوص کاروباری گروپ کے خلاف مبینہ رشوت ستانی کے چارجز سمیت متعدد معاملات پر اپوزیشن کی ہنگامہ آرائی کے دوران راجیہ سبھا کی کارروائی دِن بھر کے لیے ملتوی کردی گئی۔ پہلی التوا کے بعد راجیہ سبھا کی کارروائی ساڑھے گیارہ بجے دوبارہ جیسے ہی شروع ہوئی، کانگریس، بائیں بازو، ڈی ایم کے، ٹی ایم سی، ساجوادی پارٹی ، عام آدمی پارٹی اور دیگر پارٹیوں نے مذکورہ معاملے پر ہنگامہ جاری رکھا،جس کی وجہ سے کارروائی دِن بھر کیلئے ملتوی کرنا پڑی۔ اِس سے پہلے آج صبح جب راجیہ سبھا کی کارروائی شروع ہوئی،چیئرمین جگدیپ دھنکھڑ نے ایک مخصوص کاروباری گروپ کے خلاف مبینہ رشوت کے معاملے سمیت، منی پور اور اترپردیش کے سنبھل میں تشدد کے خلاف اپوزیشن ممبران کے ذریعہ پیش کردہ رُول 267 کے تحت التوا کے نوٹس کو خارج کردیا۔ لوک سبھا میں پہلی التوا کے بعد دِن کے 12 بجے کارروائی جیسے ہی شروع ہوئی، کانگریس، ساجوادی پارٹی، ڈی ایم کے، ٹی ایم سی اور دیگر اپوزیشن پارٹیوں کے ارکان مخصوص کاروباری گروپ اور دیگر معاملات کے خلاف نعرہ لگاتے ہوئے ایوان کے وسط میں آگئے۔ پریزائڈنگ آفیسر نے ایوان میں کام کاج جاری رکھنے پر زور دیا، تاہم انھوں نے اپنا احتجاج جاری رکھا، جس کی وجہ سے لوک سبھا کی کارروائی دِن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔ x

Prez Tamil Nadu

صدرجمہوریہ دروپدی مرمو تمل ناڈو کے چار روزہ دورے کے پہلے مرحلے میں کوئمبٹور پہنچ گئی ہیں۔ صدرجمہوریہ کل Wellington Ooty میں ڈیفنس سروسز اسٹاف کالج میں ایک پروگرام میں شرکت کریں گی۔ وہ اِس مہینے کی 29 تاریخ کو Nilgris میں قبائلی افراد کے ساتھ بات چیت کریں گی۔ صدرجمہوریہ کے دورے کے پیش نظر کوئمبٹور اور اُوٹی کے آس پاس کے علاقوں میں سیکورٹی سخت کردی گئی ہے۔ پہاڑیوں میں خراب موسم کے سبب صدرجمہوریہ سڑک کے راستے Ooty کا سفر کررہی ہیں۔x

Annpurna Devi - BalVivah

حکومت نے آج نئی دلی میں بال وِواہ مُکت بھارت کے لیے قومی مہم کا آغاز کیا۔ اِس پروگرام کا بنیادی مقصد بھارت کو بچپن کی شادی سے پاک ملک بنانا ہے۔مہم کا آغاز کرتے ہوئے خواتین اور بچوں کی بہبود کی مرکزی وزیر انّ پورنا دیوی نے کہا کہ حکومت نے ایسے 130 اضلاع کی نشاندہی کی ہے، جہاں اس مہم کو چلانے پر زیادہ توجہ مرکوز کی جائے گی۔ انھوں نے اس بات کو اجاگر کیا کہ بچپن کی شادی نہ صرف قانون کے لحاظ سے ایک جرم ہے بلکہ یہ انسانی حقوق کی خلاف ورزی بھی ہے۔ وزیر موصوفہ نے کہا کہ بال وِواہ مکت بھارت مہم صرف دس یا 15 دن کی مہم نہیں ہے بلکہ یہ تب تک جاری رہے گی جب تک کہ بھارت بچپن کی شادی کی برائی سے پاک نہ کردیا جائے۔

***BYte Annapurna Devi***

پروگرام کے دوران خواتین اور بچوں کی بہبود کی مرکزی وزیر انّ پورنا دیوی نے چائلڈ میرج فری بھارت پورٹل کی بھی نقاب کشائی کی۔ یہ آن لائن پلیٹ فارم مہم کے سلسلے میں چلائے جانے والے مشن کے لئے بیداری پیدا کرنے کے لئے تیار کیا گیا ہے، جس سے بچپن کی شادی کو روکا جاسکے گا اور بچپن کی شادی کے واقعات کو مؤثر انداز میں درج کیا جاسکے گا۔x

IMD Rainfall

جنوب مغربی خلیج بنگال میں ہوا کے گہرے دباؤ کے آج شام تک شدت اختیار کرکے سمندری طوفان Fengal میں تبدیل ہو جانے کا امکان ہے۔ یہ چنئی سے جنوب جنوب مشرق میں 590 کلومیٹر دور مرکوز ہے۔ اگلے 12 گھنٹے کے دوران یہ سمندری طوفان شمال-شمال مغرب کی جانب پیش قدمی جاری رکھے گا اور مزید شدت اختیار کرے گا۔ یہ طوفان اگلے 48 گھنٹے کے دوران تمل ناڈو اور سری لنکا ساحلوں کی طرف بڑھتا رہے گا۔ بھارتی محکمہ موسمیات نے سمندری طوفان Fengal کے تناظر میں تملناڈو کے تین ضلعوں اور پڈوچیری کے ایک ضلعے میں آج شدید بارش سے متعلق ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ شدید بارش کا یہ الرٹ تملناڈو کے Mayiladuthurai, Nagapattinam اور Thirurvaur ضلعوں اور پڈوچیری کے کرائیکل کے لیے جاری کیا گیا ہے۔آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے IMD کے سائنسداں آر کے جینا منی نے کہا ہے کہ ساحلی آندھرا پردیش کے علاقوں میں بھی شدید سے بہت شدید بارش کا امکان ہے۔ جناب جینا منی نے ماہی گیروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اگلے تین دنوں تک جنوب مغربی خلیج بنگال، تمل ناڈو کے ساحلوں اور جنوبی آندھرا پردیش کے ساحلوں سے متصل سمندر میں نہ جائیں۔

***S-B IMD Jenamani***

پڑوسی ملک سری لنکا میں نیشنل بلڈنگ ریسرچ آرگنائزیشن نے کچھ ضلعوں میں متعدد ڈویزنل سکریٹریٹ علاقوں کیلئے ریڈ نوٹس جاری کیا ہے۔ قدرتی آفات کے بندوبست کے مرکز نے کہا کہ ہے کہ جزیرہ نما ملک کے 17 ضلعوں میں دو لاکھ سے زیادہ افراد متاثر ہوئے ہیں۔ دس ہزار سے زیادہ لوگوں کو محفوظ مقامات تک پہنچایا گیا ہے۔ فوج اور بحریہ کو لوگوں کو ہنگامی صورتحال میں مدد فراہم کرنے کیلئے تعینات کیا گیا ہے۔x

NIA- MANIPUR

قومی جانچ ایجنسی- NIA نے منی پور میں حالیہ تشدد کے واقعات سے متعلق تین بڑے معاملوں میں تحقیقات شروع کردی ہیں۔ ایجنسی نے وزارت داخلہ کی طرف سے ان معاملوں میں تحقیقات کی ذمہ داری ملنے کے بعد جرائم کی سنگینی کو نظر میں رکھتے ہوئے، ان معاملوں کو دوبارہ درج کیا ہے۔ ان معاملوں کو رواں مہینے کی 13 تاریخ کو بھارتیہ نیائے سنہتا، ہتھیاروں سے متعلق قانون اور غیر قانونی سرگرمیوں کی روک تھام سے متعلق قانون کی دفعات کے تحت دوبارہ درج کیا گیا تھا۔ ایجنسی کی ٹیموں نے 21 اور 22 نومبر کو اس معاملے سے متعلق اہم علاقوں کا دورہ کرکے جانچ شروع کردی ہے۔x

Trade Fair

نئی دلی کے بھارت منڈپم میں جاری 43واں انڈیا انٹرنیشنل ٹریڈ فیئر IITF آج اختتام پذیر ہوجائے گا۔ 14 روزہ اس میلے کا موضوع Viksith Bharat @ 2047 تھا، جس سے بھارت کی اقتصادی اور مالا مال ثقافت کو عالمی سطح پر پیش کیا گیا۔ عوام کی جانب سے ٹریڈ فیئر کو بہترین توجہ ملی۔ اس سال ریاست جھارکھنڈ پر توجہ مرکوز کی گئی جبکہ بہار اور اترپردیش شراکت دار ریاستیں ہیں۔ چین، مصر، ایران، جنوبی کوریا، تھائی لینڈ، ترکی اور متحدہ عرب امارات سمیت 11 ممالک نے بھی اس عالمی میلے میں حصہ لیا۔x

Israel Hezbollah Deal

لبنان میں اسرائیل اور حزب اللہ کے درمیان جنگ بندی نافذ ہوگئی ہے۔ اسرائیل کی حکومت نے لبنان میں حزب اللہ کے ساتھ جنگ بندی کے معاہدے کو منظوری دی ۔ اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو کے دفترنے کل رات اس کا انکشاف کیا۔ امریکہ اور فرانس کی ثالثی میں ہونے والے جنگ بندی کے اس معاہدے سے توقع ہے کہ جنگ رک جائے گی جس میں پچھلے سال سے لبنان میں تقریباً تین ہزار 800 افراد ہلاک اور 16 ہزار زخمی ہوئے ہیں۔ اسرائیل کی سکیورٹی کابینہ کی منظوری کے بعد فرانس کے صدر Emmanuel Macron اور ان کے امریکی ہم منصب جوبائیڈن نے ایک مشترکہ بیان جاری کرکے اس عزم کا اظہار کیا کہ دونوں ممالک اس بات کو یقینی بنانے کے لیے مل کر کام کریں گے۔ x

Pakistan Protests

پاکستان میں عمران خان کی اہم اپوزیشن پارٹی پاکستان تحریک انصاف نے حکومت کے ذریعہ اپنے ہزاروں حامیوں کی گرفتاری کے بعد راجدھانی اسلام آباد میں اپنا احتجاج ختم کردیا ہے۔ عمران خان کی پارٹی کے پرتشدد احتجاج کے بعد سرکار نے ان کے حامیوں کے خلاف رات سخت کارروائی کی اور ہزاروں حامیوں کو حراست میں لیا۔ آج صبح وزارت داخلہ کے ایک بیان کے مطابق جیل میں بند سابق وزیراعظم عمران خان کی پارٹی کے سرکردہ رہنما علاقے سے نکل گئے۔ اِن رہنماؤں میں اُن کی اہلیہ بشریٰ بی بی اور علی امین گنڈا پور بھی شامل ہیں۔x

IFFI

بھارت کا 55 واں بین الاقوامی فلم فیسٹیول، IFFI جیسے جیسے اختتام کے قریب پہنچ رہا ہے اس میں لوگوں کی دلچسپی عروج پر پہنچتی گئی ہے۔IFFI میں آج تپن سنہا کی فلم ہارمونیم سمیت قریب70 فلموں کی اسکریننگ کی جائے گی۔تپن سنہا کے صد سالہ سیشن کا مقصد اُن کی گوناگوں فلموگرافی، قصہ گوئی کے منفرد انداز اور بھارتی سینما میں اُن کے گرانقدر تعاون پر روشنی ڈالنا ہے۔ یہ

سیشن "Spectrum and the Soul" کے عنوان کے تحت منعقد کیا جائے گا۔اس کے بعد منعقد ہونے والے پینل مباحثے میں ارجن چکرورتی ' مانو چکرورتی اور آزمودہ کار اداکارہ شرمیلا ٹیگور شرکت کریں گی۔اس سال IFFI، بھارتی سینما کی چار مثالی شخصیات راج کپور، محمد رفیع، تپن سنہا اور ناگیشور راؤ کی صد سالہ تقریبات منا رہا ہے۔x

## Costguard Sarex 24

بھارتی ساحلی محافظ دستے ICG کی قومی بحری تلاش اور بچاؤ کاری مشق اور ورکشاپ SAREX-24 کل کیرالہ کے کوچی میں منعقد ہوگی۔ دفاع کے سکریٹری راجیش کمار سنگھ اِس دو روزہ ورکشاپ کا افتتاح کریں گے۔ اِس ورکشاپ کا موضوع '' علاقائی اشتراک و تعاون کے ذریعہ ، تلاش اور بچاؤ کاری کی صلاحیتوں میں اضافہ کرنا'' ہے۔x

## J &K Police Crackdown

جموں وکشمیر میں جموں پولیس نے کل ممنوعہ تنظیم جیش محمد اور لشکر طیبہ سے وابستہ دہشت گرد نیٹ ورک پر بڑی کارروائی کی۔ پولیس نے جموں خطے کے راجوری، پونچھ، کشتواڑ اور اُودھم پور ضلعوں میں 56 مقامات پر تلاشی کی کارروائی کی۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اِس بڑی کارروائی میں متعدد مشتبہ افراد کو گرفتار کیا گیا ہے۔ اِس کارروائی میں الیکٹرانک آلات، قابل اعتراضات دستاویزات، نقدی، ہتھیار اور گولہ بارود سمیت غیر قانونی مواد ضبط کیا گیا ہے۔ جموں زون کے ایڈیشنل ڈائرکٹر جنرل آف پولیس آنند جین نے کہا ہے کہ چھاپے کے دوران حاصل کی گئی معلومات اور ضبط کیے گئے مواد کی چھان بین جاری رہے گی۔x

## Sri Lanka Budget

سری لنکا کی کابینہ نے پارلیمنٹ میں 219 بلین روپے کا عبوری تخمینہ بجٹ پیش کرنے کی منظوری دے دی ہے، جس کا مقصد اہم اخراجات کی اشیاء کی فنڈنگ کرنا ہے۔ اس میں ٹیکس دہندگان کے قرضوں کے لئے 130 بلین روپے کی سود کی سبسڈی بھی شامل ہوگی۔مختص رقم 2024 کے لئے منظور شدہ اخراجات اور قرض کی حد کے اندر رہے گی۔ سب سے بڑا جزو، جس کی رقم 130 بلین سری لنکا روپے ہے، پبلک انٹرپرائزز کے محکمے کے لئے مختص کی گئی ہے تاکہ Ceylon پٹرولیم کارپوریشن سے حکومت کی بیلنس شیٹ میں منتقل کئے گئے قرضوں پر سود کی سبسڈی کو پورا کیا جاسکے۔x

## Chess

شطرنج میں، اٹلی کے Montesilvano میں آٹھ سال تک کی عمر کے World Cadets Chess چمپئن شپ میں آٹھ سالہ Divith Reddy سے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ تلنگانہ کے اس مشہور کھلاڑی نے اپنے ہم وطن Sattwik Swain کے ساتھ برابری کرتے ہوئے زیادہ سے زیادہ 11 میں سے 9 پوائنٹس حاصل کئے۔ تاہم Divith نے اعلیٰ ٹائی بریک اسکور کی بنیاد پر سونے کا تمغہ حاصل کیا۔Sattwik نے چاندی کا جبکہ چین کے کھلاڑی Zining Guo نے کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔FIDE میں 1784 ریٹنگ کے ساتھ DIvith نے چمپئن شپ میں مضبوطی کے ساتھ آغاز کرتے ہوئے اپنے پہلے چار گیم جیتے۔ اس کے بعدمسلسل دو گیم ہارنے کے بعد انھوں نے شاندار واپسی کی اور آخری پانچ راؤنڈ میں شاندار کارکردگی کے ساتھ چمپئن شپ کا خطاب اپنے نام کرلیا۔

Bajrang Punia Ban

ممنوعہ دواؤں کی روک تھام سے متعلق بھارت کی قومی ایجنسی، **NADA** نے قومی ٹیم کے سلیکشن ٹرائل میں **10** مارچ کو **Doping Test** کے دوران نمونہ دینے سے انکار کرنے کی پاداش میں ٹوکیو اولمپکس میں کانسے کا تمغہ جیتنے والے کھلاڑی بجرنگ پنیا کو چار سال کے لیے معطل کردیا ہے۔ ابتدا میں ناڈا نے عارضی طور پر بجرنگ کو **23** اپریل کو معطل کیا تھا، جس کے بعد کشتی کے عالمی گورننگ ادارے **United World Wrestling** نے بھی انھیں معطل کردیا تھا۔ چار سال کی پابندی کے بعد بجرنگ پنیا مقابلہ جاتی کشتی میں حصہ نہیں لے سکیں گے اور بین الاقوامی کوچنگ کے رول کے لیے، ان پر بندشیں عائد رہیں گی۔**x**

Mineral Bloks Auction

حکومت کل ملک کے سمندری علاقوں میں معدنی بلاکس کی نیلامی کی پہلی وسط شروع کرے گی۔ اس پہلی قسط میں **13** معدنی بلاکس شامل ہیں، جو بحیرہ عرب اور جیرہ انڈمان میں پھیلے ہوئے ہیں، جن میں تعمیراتی ریت، **Lime mud** اور **Poly metalic nodules** کا مرکب شامل ہے۔

xxxxxxxxxxxxxxx